2۔ تیمتھیس 17-16:3 میں بیان ہے کہ وہ صحائف جو خُدا کے الہام سے ہیں وہ انسان کو ہر اس نیک کام کیلئے تیار کریں گے جو خُداوند کیلئے ہوں گے۔ یوحنا 8 باب میں یسوع نے کہا وہ اپنے کلام ( تعلیمات ) کے وسیلہ سے انسان کو گناہ کی غلامی سے رہائی بخشے گا۔

اس کورس کی سٹڈی کلام مقدس کے نمونہ کے مطابق ہوگی تا کہ آپ قیادت کیلئے تیار ہوسکیں۔ یاد رکھیں کہ خُداوند کے ساتھ آپ کا کردار ہی سب کچھ ہے یعنی بدی کی بجائے اچھا کردار۔ یعقوب 4-3 ابواب میں واضح طور پر بیان کیا گیا ہے کہ دانشمند آدمی ''اپنے اچھے کردار'' کی بدولت ہی سے جانا جاتا ہے۔

## تعارف

1۔ کلیسیائی راہنماؤں کا چناؤ اُن کے اچھے کردار اور خُدا کے ساتھ وفادار رہنے کی بنیاد پر ہی کیا جاتا ہے۔ 1۔ تیمتھیس 3 باب اور طِطس 1 باب کے مطابق انہیں ہمیشہ دوسرے رہنما ہی چنتے تھے ( وہ اپنے آپ کو خود نہیں چنتے تھے )

2۔ لازم ہے کہ کلیسیائی رہنما قیادت کریں! کچھ نہ کرنے کا مطلب ہے کہ وہ آدمی قیادت نہیں کر رہا اور اُسے چاہیئے کہ وہ جس بھی عہدہ پر فائز ہو اُس سے مستعفیٰ ہو کر دوسروں کو قیادت کرنے کا موقع فراہم کرے۔ یسوع کے ساتھ ساتھ چلنے والے شاگرد سیکھنے کے عمل کے دوران پہلے تو محض سنتے تھے، پھر خدمت کرتے تھے، پھر باہر نکل کر بالآخر دوسروں کی قیادت کرتے تھے۔

3۔ کلیسیائی رہنماؤں کو پہلے خود کلامِ مقدس کی بنیادی تعلیمات سے واقف ہونا چاہیئے۔ یسوع نے اپنے شاگردوں کو کلامِ مقدس کی بنیادی تعلیم نہیں دی تھی! شاگردیت کی بلاہٹ سے پہلے ہی اُن کے پاس وہ بنیادی تعلیمات موجود تھی۔ یہ کورس اخذ کرتا ہے کہ آپ بھی شاگردوں کی طرح کلامِ مقدس کی بنیادی تعلیمات سے واقف ہیں۔ ضروری ہے کہ کلیسیائی رہنما شروع میں ہی مکمل بائبل کا مطالعہ کرلے۔ بعدازایں مندرجہ ذیل کتابوں کو کم ازکم دو ہفتوں تک روزانہ ہر حصہ کو پڑھ کر عبور حاصل کرنے سے ایک کلیسیائی رہنما تربیت یافتہ ہو جائیگا۔ یہ خدمت کے دوران ہوگا۔

رہنمائے تدریس اُن کتب کے حوالہ جات کا احاطہ کرے گی جو کلیسیائی رہنما کے انتخاب کے متعلق وضاحت کرتے ہیں۔ کوئی بھی شخص نہ تو خود چناؤ کرتا ہے اور نہ ہی مخصوص کرتا ہے۔ یہاں تک کے رسول بھی اس اصول سے مبرہ نہیں تھے۔

اس بات کی وضاحت گلتیوں کے پہلے باب میں ملتی ہے ( یہوداہ کو یاد رکھیں )

## کلیسیائی رہنما عمل سے تیار ہوتے ہیں

ضرور ہے کہ وہ کلیسیائی راہنما جو ابھی سیکھ رہے ہوں ان کلیسیائی رہنماؤں کے ساتھ وقت گزاریں جو پہلے سے ہی خدمت کے مختلف عہدوں پر فائز ہیں۔ اُنہیں دیکھ کر سیکھیں اور مدد کریں جیسا یسوع کے شاگردوں نے بھی کیا۔ انہیں چرچ کمیٹی کی میٹنگز کا حصّہ ہونا چاہیئے اور اپنی رائے دینی چاہیئے، مگر کسی عہدہ کے بغیر۔ دو ماہ تک اُن کے ناموں کا اشتہار دیا جائے۔ تا کہ کلیسیا کو معلوم ہو کہ یہ افراد کلیسیائی قیادت کیلئے زیرِ غور ہیں۔ یہ عمل لوگوں کو اس بات کی اجازت دے گا کہ وہ اُن کے کردار کے بارے میں اپنے خدشات کا اظہار کرسکیں۔ دو ماہ کی مدت کے بعد صرف اُن کی تصدیق ہوگی۔ کلام مقدس میں کوئی کلیسیائی راہنما ووٹنگ کے ذریعہ مقرر نہیں ہوتا تھا۔ جیسا کہ پہلا تیمتھیس 3 باب میں لکھا ہے'' اور یہ بھی پہلے آزمائے جائیں''

## <u>حصّہ سوئم : قائدانہ تربیتی کورس</u>

کم ازکم ہر حصّہ کو ایک ہفتہ تک روزانہ پڑھیں اور اپنی توجہ رہنماؤں پر، اُن کی تقرری پر اور کلیسیائی کاموں پر مرکوز کریں اور یہ بھی نوٹ کریں کہ انہوں نے کیا کچھ کیا اور کیا نہیں کیا۔

1۔ یوحنا کا خط۔ یہ خط مسیحیوں کیلئے ہے یہ ہم سب کیلئے کون، کیا، کب، کہاں، کیوں اور کیسے جیسے سوالات کے جواب دیتا ہے اور ہر ایماندار کو اس خط پر عبور حاصل ہونا چاہیئے یہ بیان کرتا ہے کہ یسوع المسیح، کلامِ خُدا اور پاک رُوح کیا کرتے ہیں اور ایمانداروں کو کیا کرنا چاہیئے۔ یہ ہدایت کرتا ہے کہ کس کو کون کون سے فرائض سونپے گئے ہیں۔

پہلا ہفتہ یوحنا 6-1

دوسرا ہفتہ یوحنا 12-7

تیسرا ہفتہ یوحنا 21-13

**<u>اعمال کی کتاب:۔</u>** مسیحیت کی ابتدا اور یروشلیم میں یہودیوں کی تبدیلی۔ زمین کی انتہا ( غیر اقوام کی کلیسیا ) تک پہنچنا

چوتھا ہفتہ اعمال 6-1

پانچواں ہفتہ اعمال 11-7

چھٹا ہفتہ اعمال 16-12

ساتواں ہفتہ اعمال 22-17

آٹھواں ہفتہ اعمال 28-23

1۔ تیمتھیس مقامی کلیسیا کے ڈھانچہ کی وضاحت کرتا ہے۔ اس کا 2 باب ایک ایک لفظ کو تفصیل سے بیان کرتا ہے....15:3 میں دی گئی ''ضروری باتوں'' کو نوٹ کریں۔

نواں ہفتہ 1۔ تیمتھیس

2۔ تیمتھیس مقامی کلیسیا میں شاگردیت کی وضاحت کرتا ہے۔ کون؟ کیسے؟

دسواں ہفتہ 2۔ تیمتھیس

طِطس مقامی کلیسیا کی بنیاد رکھنا۔ کیسے؟

گیارہواں ہفتہ طِطس

1،2 کرنتھیوں خستہ حال مقامی کلیسیا کو درست کرنا = مسیح کا مزاج !

بارہواں ہفتہ 1۔ کرنتھیوں 9-1

تیرھواں ہفتہ 1۔ کرنتھیوں 16-10

چودھواں ہفتہ 2۔ کرنتھیوں 13-1

گلتیوں ایک مقامی کلیسیا میں خوشخبری کی بحالی

پندرھواں ہفتہ گلتیوں

ابتدائی مسیحیوں کے ساتھ کیسے پیش آیا جائے

پندرھواں ہفتہ 1۔ تھسلنیکیوں

سولھواں ہفتہ 2۔ تھسلنیکیوں

فلیمون ( شفاعت کرنا )

مقامی کلیسیا میں نظام

سترھواں ہفتہ یعقوب

## کلیسیائی مالی امور

اٹھارھواں ہفتہ: کلیسیا اِنکے لئے پیسہ خرچ کرتی ہے: 1۔ پاسٹر صاحبان 2۔ مشنری صاحبان اور 3۔ اگر ضروری ہو تو بیوائیں۔ (یعنی وہ بیوائیں جو کلیسیا کا حصّہ ہیں) اگر آپ کی کلیسیا میں کچھ لوگوں کی شاگریت کی گئی ہے تو وہ اپنی منسٹریز کی مدد کریں۔

اگر کوئی کلیسیا اپنے واجبات ادا نہیں کرتی تو اس سے خُداوند کے نام کی بدنامی ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں مستحق افراد سے معذرت کرنا اور مسائل کو فوراً حل کرنا چاہیئے اور قیادت میں تبدیلی کا سوچنا چاہیئے۔

(1۔ تیمتھیس 3 باب میں وضاحت ہے کہ قائدین کا معاشرہ میں نیک نام ہونا ضروری ہے)'' اور آزمودہ ہوں'' 2۔ سلاطین 7:4، امثال 3:9-10، 27-29، 1۔ کرنتھیوں 1:9-27، 1۔ تیمتھیس 5 (عزت = مدد) کا مطالعہ کریں۔ پاسٹر صاحبان کی مالی مدد کی جاتی ہے۔ تاکہ وہ '' بھیڑوں کی گلہ بانی کریں'' (یوحنا 21 باب) تاکہ اس بات کی یقین دہانی ہو کہ ہر مسیحی بُلوغت تک پہنچے۔ کلسیوں 28:1 (اس آیت کو زبانی یاد کریں)۔

## گناہ کرنے والا ایک بھائی

اُنیسواں ہفتہ: مسیحی رہنماؤں کی اوّلین ذمہ داری ہے کہ وہ گناہ پر نظر رکھیں۔ اگر وہ گناہ کے ساتھ نمٹنے سے قاصر ہیں تو وہ خود گناہ کر رہے ہیں۔ وہ مخصوص اقدامات جو قائدین نے اُٹھائے ہوں، انہیں تحریر کر لیا جائے۔ 1۔ کرنتھیوں 5 باب کے مطابق ان باتوں کو نظر انداز کرنے سے کلیسیا برباد ہو جاتی ہے۔

متی 18 باب، 1۔ کرنتھیوں 14:4، 13:5، 1۔ تیمتھیس 19:5-25، فلیمون (ایک بھائی کی بحالی)

## جاننے کیلئے نئے عہدنامہ کے نئے القاباب

افسیوں 11:4-17 (باب کو پڑھیں)

**رسول**: وہ لوگ جنہیں یسوع نے خود تعلیم دی اور یہ لقب دیا اور متی 1:10-10 کے مطابق معجزانہ قدرت عطا فرمائی۔ یہ معجزانہ کام '' رسول ہونے کے نشان'' تھے 2۔ کرنتھیوں 12:12 میں اس بات کی وضاحت ملتی ہے۔

**انبیاء**: عہد عتیق اور اعمال کی کتاب کے چند انبیاء۔ یاد رکھیں کہ افسیوں 20:1 میں واضح بیان ہے کہ رسول جو کہ نبی بھی ہیں'' ہم یسوع مسیح اور رسولوں (انبیاء) کی نیو پر تعمیر کئے گئے ہیں۔''

مبشر اور پاسٹر/اُستاد صرف اِسی بنیاد پر تعلیم دیتے ہیں۔

**مبشرین**: وہ لوگ جو مسیح کی خوشخبری کی بشارت دیتے ہیں۔

**پاسبان**: اُستاد بھی ہوتے ہیں (یہ ادبی لحاظ سے یونانی اصطلاح ہے) پاسٹر کا لفظ اُس چرواہے کیلئے ہے جو بھیڑوں کی گلہ بانی کرتا ہے۔ پاسٹر بھیڑوں کی گلہ بانی تعلیم دینے کے ذریعہ کرتے ہیں۔ کئی ایک دیگر الفاظ اس عہدہ کو بیان کریں گے۔

(ا) 1۔ تیمتھیس 1:3-2 '' بشپ/بزرگ/ایلڈر کا عہدہ اور اپی سکوپ (episcopos) کے معنی ہیں '' نگہبان'' جو کہ کسی زیرِ تکمیل کام کی نگہبانی کرتا ہے۔

(ب) طِطس 5:1-9 '' بزرگ (بشپ) دراصل ایلڈر ہیں (پریسبٹر قدیم اصطلاح ہے جو کہ کوئی نئی اصطلاح نہیں ہے)

(ج) اعمال 17:20: ایلڈر نگہبان ہوتے ہیں (آیت 20) اور پاسٹر بھی (یعنی چوپان)۔ انکے علاوہ مقامی کلیسیا کا کوئی عہدہ دار نہیں ہوتا۔ یہ محض مندرجہ ذیل ہی ہیں۔

1۔ ایلڈر (بزرگ یا پریسبٹر)

2۔ نگہبان (یعنی وہ جو کام پر نظر رکھتا ہے۔ اِسے یونانی میں اپی سکوپ کہتے ہیں)

3۔ پاسٹر صاحبان یعنی پاسبان' (جو بھیڑوں کو کھلاتا اور اُن کی حفاظت کرتا ہے) یاد رہے کہ پاسٹر آدمیوں کا ایک گروپ یعنی پاسٹر فرد واحد نہیں ہوتا۔

پاسٹر آدمیوں میں سے تربیت حاصل کرنے والا شخص ہوتا ہے جو کہ اُستاد بھی ہوتا ہے۔ وہ دیگر رہنماؤں کے ساتھ مل کر خدمت کرتا ہے۔

4۔ شاگرد۔ ایک طالب علم

© 2016 Charnock Institute of the Bible
& White Stone Missions 427 14th Ave. N.
Payette, ID 83661

208-642-4632
whitestonemissions.com
charnockedu.com

# بائبل ماسٹر شاگردیت پروگرام

## حصّہ سوئم

## کلیسیائی قائدین کی تربیت